English	Urdu
Information for travellers returning to the ACT from Victoria	**وکٹوریہ سے اے سی ٹی میں واپس آنے والے مسافروں کیلئے معلومات**
What can I do?	**میں کیا کر سکتا ہوں؟**
• ACT residents who have recently travelled to Victoria, are permitted to return to the ACT, including by car or plane but must quarantine for a period of 14 days from the day after leaving Victoria, under quarantine restrictions. • Non ACT residents who have an exceptional need to travel to the ACT from Victoria, may be granted an exemption to enter the ACT.	• اے سی ٹی کے رہائشی جو حال ہی میں وکٹوریا گئے ہیں، انھیں گاڑی یا ہوائی جہاز کے ذریعے بھی اے سی ٹی میں واپس جانے کی اجازت ہے لیکن قرنطینہ کی پابندیوں کے تحت ویکٹوریا سے روانہ ہونے کے بعد کے دن سے 14 دن کی مدت کیلئے انھیں قرنطینہ کرنا ہوگا۔ • اے سی ٹی کے غیر رہائشی جن کی وکٹوریہ سے اے سی ٹی کا سفر کرنے کی ضرورت غیر معمولی ہے، انھیں اے سی ٹی میں داخل ہونے کی استثنیٰ دی جاسکتی ہے۔
What can't I do?	**میں کیا نہیں کرسکتا؟**
• Canberrans are strongly advised not to travel to Victoria at this time. • Travel to any Melbourne 'hotspot' suburbs is particularly discouraged. • From 12:01am 8 July 2020, non ACT residents are not permitted to travel into the ACT from Victoria, unless they hold an exemption to enter. This is a temporary measure and will be reassessed in line with the NSW border advice.	• Canberrans کو سختی سے ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اس وقت وکٹوریہ کا سفر نہ کریں۔ • میلبورن 'ہاٹ سپاٹ' والے کوئی بھی نواحی علاقوں کے سفر کی خاص طور پر حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ • 8 جولائی 2020ء کو رات 12:01 بجے سے اے سی ٹی کے غیر رہائشیوں کو وکٹوریہ سے اے سی ٹی میں سفر کرنے کی اجازت نہیں ہے، جب تک کہ وہ داخل ہونے کیلئے استثنیٰ نہ لیں۔ یہ ایک عارضی اقدام ہے اور نیو ساؤتھ ویلز کی سرحد کے مشورے کے مطابق اس کا ازسر نو جائزہ لیا جائے گا۔

What are my responsibilities?	میری ذمہ داریاں کیا ہیں؟
• All returning ACT residents must notify ACT Health of their intent to return to the ACT, and provide a range of details. • From 12:01am 8 July 2020, all ACT residents returning from travel to Victoria are required to enter quarantine for a period of 14 days from the day after leaving Victoria. • Anyone who has recently been in the Greater Melbourne metropolitan area who arrived in the ACT prior to the Public Health Direction, is strongly encouraged to be vigilant and monitor themselves for any symptoms. If you get any COVID-19 symptoms, no matter how mild, you should get tested. • Anyone coming to the ACT from Victoria must closely monitor themselves for symptoms of COVID-19. • Penalties and fines may apply to those who fail to comply with Public Health Directions.	• واپس آنے والے اے سی ٹی کے تمام رہائشیوں کیلئے لازمی ہے کہ وہ اے سی ٹی میں واپس آنے کے اپنے ارادے سے اے سی ٹی ہیلتھ کو مطلع کریں، اور متعدد تفصیلات فراہم کریں۔ • 8 جولائی 2020ء کو رات 12:01 بجے سے وکٹوریہ سے واپس آنے والے تمام اے سی ٹی کے رہائشیوں کیلئے لازمی ہے کہ وہ وکٹوریہ چھوڑنے کے دن کے بعد سے 14 دن کیلئے قرنطینہ میں داخل ہوں۔ • کوئی بھی جو حال ہی میں گریٹر میلبرن میٹروپولیٹن علاقے میں رہا ہے جو پبلک ہیلتھ ڈائریکشنز کی ہدایت سے قبل اے سی ٹی میں پہنچا تھا، اس کی بھر پور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ چوکس رہے اور کسی بھی علامات کی خود نگرانی کرے۔ اگر آپ میں کوویڈ-19 کی علامات ہیں، اس سے قطع نظر کہ کتنی ہی ہلکی، تو اپنی جانچ کرائیں۔ • وکٹوریہ سے اے سی ٹی میں آنے والے کسی بھی شخص کو کوویڈ-19 کی علامات کیلئے اپنی قریبی نگرانی کرنا ہوگی۔ • پبلک ہیلتھ ڈائریکشنز کی ہدایات پر عمل کرنے میں ناکام رہنے والے افراد پر جرمانے اور سزائیں عائد کی جا سکتی ہیں۔
Please note: if you plan to quarantine at a private residence, it needs to allow for appropriate separation from other household members who are not in quarantine. Household members in quarantine would ideally have a separate bedroom, bathroom and should avoid spending time in communal spaces at the same time as other people in the home who are not in quarantine. If this can't be done you will be required to quarantine in a hotel or other approved premises. ACT Health can assist in providing details of suitable accommodation which you can book (at your own expense). Please note that we will require evidence of a valid booking if you are using hotel accommodation for quarantine purposes.	**براہ کرم نوٹ کریں**: اگر آپ کسی نجی رہائش گاہ میں قرنطینہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو اس کیلئے گھر کے دیگر افراد سے مناسب علیحدگی کی ضرورت ہے جو قرنطینہ میں نہیں ہیں۔ قرنطینہ میں گھر کے افراد مثالی طور پر ایک علیحدہ بیڈروم، باتھ روم رکھتے ہوں اور ایک وقت میں اجتمائی جگہوں میں گھر کے دوسرے افراد کے ساتھ وقت گزارنے سے گریز کریں جو قرنطینہ میں نہیں ہیں۔ اگر یہ کام نہیں ہوسکتا ہے تو آپ کو کسی ہوٹل یا دوسری منظور شدہ جگہ میں قرنطینہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اے سی ٹی ہیلتھ مناسب رہائش کی تفصیلات فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے جسے آپ (اپنے خرچے پر) بک کرسکتے ہیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر آپ قرنطینہ کے مقاصد کیلئے ہوٹل میں رہائش استعمال کررہے ہیں تو ہمیں ایک درست بکنگ کے ثبوت کی ضرورت ہوگی۔

What are the community responsibilities?	**برادری کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟**
• Maintain personal hygiene, including regular hand washing. • Stay home if unwell. • Avoid travelling to Victoria at this time for anything other than absolutely essential reasons. • Get tested if you have COVID-19 symptoms.	• باقاعدگی سے ہاتھ دھونے سمیت ذاتی حفظان صحت کو برقرار رکھیں۔ • اگر بیمار ہیں تو گھر میں ہی رہیں۔ • بالکل ضروری وجوہات کے علاوہ کسی اور چیز کی خاطر اس وقت وکٹوریہ جانے سے گریز کریں۔ • اگر آپ میں کوویڈ-19 کی علامات ہیں، تو اپنی جانچ کرائیں۔
What does the public need to know?	**عوام کو کیا جاننے کی ضرورت ہے؟**
• Continue to practise good hand and respiratory hygiene, physical distancing, stay home if you are unwell and get tested if you have symptoms of COVID-19. • You should also download the COVIDSafe app and ensure you provide your first name and contact number to any businesses that are required to ask for contact tracing purposes.	• ہاتھ اور سانس کی حفظان صحت، جسمانی دوری پر عمل کرنا جاری رکھیں، اگر آپ بیمار ہیں تو گھر میں ہی رہیں اور اگر آپ میں کوویڈ-19 کی علامات ہیں تو اپنی جانچ کرائیں۔ • آپ کو بھی COVIDSafe app ڈاؤن لوڈ کرنا چاہیئے اور اس بات کو یقینی بنانا چاہیئے کہ آپ کسی بھی کاروباروں کو اپنا پہلا نام اور رابطے کا نمبر فراہم کریں جو ان کیلئے رابطے کا سراغ لگانے کے مقاصد کیلئے پوچھنا ضروری ہو۔
Can I travel to Victoria?	**کیا میں وکٹوریہ کا سفر کرسکتا ہوں؟**
Canberrans are being strongly advised not to travel to Victoria at this time. Canberrans that choose to travel to Victoria will be required to undertake quarantine for a period of 14 days on their return.	Canberrans کو سختی سے ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اس وقت وکٹوریہ کا سفر نہ کریں۔ Canberrans جو وکٹوریہ کا سفر کرنے کا انتخاب کرتے ہیں انھیں واپسی پر 14 دن کی مدت کیلئے قرنطینہ کرنا ہوگا۔
How long will these measures be in place?	**یہ اقدامات کب تک رہیں گے؟**
This is a temporary measure and will be reassessed in line with the NSW border advice.	یہ ایک عارضی اقدام ہے اور نیو ساؤتھ ویلز کی سرحد کے مشورے کے مطابق اس کا ازسر نو جائزہ لیا جائے گا۔

Can I quarantine at home?	**کیا میں گھر میں قرنطینہ کرسکتا ہوں؟**
If you live in the ACT, you are encouraged to quarantine at home. More information is provided on the Quarantine page.	اگر آپ اے سی ٹی میں رہتے ہیں، تو آپ کو گھر میں قرنطینہ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ مزید معلومات قرنطینہ کے صفحے پر فراہم کی گئی ہیں۔
Please note: if you plan to quarantine at a private residence, it needs to allow for appropriate separation from other household members who are not in quarantine. Household members in quarantine would ideally have a separate bedroom, bathroom and should avoid spending time in communal spaces at the same time as other people in the home who are not in quarantine. If this can't be done you will be required to quarantine in a hotel or other approved premises. ACT Health can assist in providing details of suitable accommodation which you can book (at your own expense). Please note that we will require evidence of a valid booking if you are using hotel accommodation for quarantine purposes.	**براہ کرم نوٹ کریں**: اگر آپ کسی نجی رہائش گاہ میں قرنطینہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو اس کیلئے گھر کے دیگر افراد سے مناسب علیحدگی کی ضرورت ہے جو قرنطینہ میں نہیں ہیں۔ قرنطینہ میں گھر کے افراد مثالی طور پر ایک علیحدہ بیڈروم، باتھ روم رکھتے ہوں اور ایک وقت میں اجتمائی جگہوں میں گھر کے دوسرے افراد کے ساتھ وقت گزارنے سے گریز کریں جو قرنطینہ میں نہیں ہیں۔ اگر یہ کام نہیں ہوسکتا ہے تو آپ کو کسی ہوٹل یا دوسری منظور شدہ جگہ میں قرنطینہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اے سی ٹی ہیلتھ مناسب رہائش کی تفصیلات فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے جسے آپ (اپنے خرچے پر) بک کرسکتے ہیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر آپ قرنطینہ کے مقاصد کیلئے ہوٹل میں رہائش استعمال کررہے ہیں تو ہمیں ایک درست بکنگ کے ثبوت کی ضرورت ہوگی۔
Where can I get more information about quarantine?	**میں قرنطینہ کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟**
If you need more information about quarantining at home, please visit our Quarantine page. You can also contact ACT Health via the COVID-19 Helpline on (02) 6207 7244.	اگر آپ کو گھر میں قرنطینہ کرنے کے بارے میں مزید معلومات کی ضرورت ہے، تو براہ کرم ہمارا قرنطینہ کا صفحہ دیکھیں۔ آپ کوویڈ-19 کی ہیلپ لائن کے ذریعے اے سی ٹی ہیلتھ سے (02) 6207 7244 پر رابطہ بھی کرسکتے ہیں۔

I'm an ACT resident returning from Victoria - do I need a permit to cross the ACT border?	**میں وکٹوریہ سے لوٹنے والا اے سی ٹی کا رہائشی ہوں - کیا مجھے اے سی ٹی کی سرحد عبور کرنے کیلئے اجازت نامے کی ضرورت ہے؟**
You do not require a permit to enter the ACT, however all returning ACT residents must notify ACT Health of their intent to return to the ACT and provide the following details to COVID.Exemptions@act.gov.au:	آپ کو اے سی ٹی میں داخل ہونے کیلئے اجازت نامے کی ضرورت نہیں ہے، تاہم تمام واپس آنے والے اے سی ٹی کے رہائشیوں کو اے سی ٹی میں واپس آنے کے اپنے ارادے سے اے سی ٹی ہیلتھ کو مطلع کرنا ہوگا اور درج ذیل تفصیلات COVID.Exemptions@act.gov.au کو فراہم کرنا ہونگی:
1. Name 2. Date of birth 3. Home address 4. Phone number 5. Email address 6. Travel details (flight number, by car etc) 7. Date of entry to ACT 8. Date you were last in Victoria 9. Details of address of where you plan to quarantine in the ACT.	1- نام 2- تاریخ پیدائش 3- گھر کا پتہ 4- فون نمبر 5- ای میل ایڈریس 6- سفر کی تفصیلات (فلائٹ نمبر، کار کے ذریعے وغیرہ) 7- اے سی ٹی میں داخلے کی تاریخ 8- آپ کی وکٹوریا میں آخری تاریخ 9- آپ کے اے سی ٹی میں پتے کی تفصیلات جہاں آپ کا قرنطینہ کرنے کے منصوبہ ہے۔
If you are travelling by road, you will also be required to seek a permit from the NSW Government to transit through NSW and would be required to transit through NSW by the most practicable direct route. Permits can be obtained online from: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit	اگر آپ روڈ کے ذریعے سفر کر رہے ہیں، تو آپ کو نیو ساؤتھ ویلز گوورنمنٹ سے نیو ساؤتھ ویلز کے ذریعے نقل و حمل کیلئے اجازت نامہ لینے کی ضرورت ہوگی اور انتہائی عملی سیدھے راستے سے نیو ساؤتھ ویلز کے ذریعے نقل و حمل کی ضرورت ہوگی۔ اجازت نامے آن لائن حاصل کیے جاسکتے ہیں: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit

How will people who fly into Canberra from Melbourne be checked?	**ہوائی سفر کے ذریعے میلبورن سے کینبرا جانے والے افراد کی جانچ کیسے ہوگی؟**
Currently, all passengers on flights arriving from Melbourne into Canberra airport have their identification checked and are provided with advice on quarantine, if applicable.	فی الحال، میلبورن سے کینبرا کے ہوائی اڈے پر آنے والی پروازوں میں شامل تمام مسافروں کی اپنی شناخت کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے اور اگر قابل اطلاق ہو تو انہیں قرنطینہ سے متعلق مشورے دیئے جاتے ہیں۔
How long do I have to stay in quarantine for?	**مجھے کب تک قرنطینہ میں رہنا ہے؟**
If you are returning to the ACT from Victoria, you will need to self-quarantine until 14 days have passed after leaving Victoria.	اگر آپ وکٹوریہ سے اے سی ٹی میں واپس آرہے ہیں، تو آپ کو وکٹوریہ سے رخصت ہونے کے 14 دن گزر جانے کے بعد تک خود کو قرنطینہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔
What proof do I need to show that I am an ACT resident at the border?	**مجھے سرحد پر کیا ثبوت پیش کرنے کی ضرورت ہے کہ میں اے سی ٹی کا رہائشی ہوں؟**
Identification including proof of residence in the ACT.	شناخت بشمول اے سی ٹی میں رہائش کا ثبوت۔
Details of a valid booking if you are using hotel accommodation for quarantine purposes.	درست بکنگ کی تفصیلات اگر آپ قرنطینہ کے مقاصد کیلئے ہوٹل میں رہائش کا استعمال کررہے ہیں۔
I have a permit to cross the NSW border – will this be accepted at the ACT border, or do I need to apply for an ACT permit?	**میرے پاس نیو ساؤتھ ویلز کی سرحد عبور کرنے کا اجازت نامہ ہے۔ کیا یہ اے سی ٹی کی سرحد پر قبول ہوگا، یا مجھے اے سی ٹی کے کسی اجازت نامے کیلئے درخواست دینے کی ضرورت ہے؟**
ACT residents do not need to apply for a permit to enter the ACT. You do need to notify ACT Health of your intention to return to the ACT from Victoria so that we can support you through the mandatory 14 day quarantine period.	اے سی ٹی کے رہائشیوں کو اے سی ٹی میں داخل ہونے کیلئے اجازت نامے کی درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو وکٹوریہ سے اے سی ٹی میں واپس آنے کے اپنے ارادے سے اے سی ٹی ہیلتھ کو مطلع کرنے کی ضرورت ہے تاکہ قرنطینہ کے 14 دن کے لازمی وقفے کے دوران ہم آپ کی مدد کرسکیں۔

Non-ACT residents travelling from Victoria can only enter the ACT if they have an exemption from ACT Health.	وکٹوریہ سے سفر کرنے والے اے سی ٹی کے غیر رہائشی صرف اسی صورت میں اے سی ٹی میں داخل ہوسکتے ہیں اگر انھیں اے سی ٹی ہیلتھ سے استثنیٰ حاصل ہو۔
I'm planning to travel to the ACT from Melbourne - will I be able to get through the NSW border?	**میں میلبورن سے اے سی ٹی جانے کا ارادہ کر رہا ہوں - کیا میں نیو ساؤتھ ویلز کی سرحد سے گزر سکوں گا؟**
You will be required to seek a permit from the NSW Government to transit through NSW. Permits can be obtained online from: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit	آپ کو نیو ساؤتھ ویلز گوورنمنٹ سے نیو ساؤتھ ویلز کے ذریعے نقل و حمل کیلئے اجازت نامہ لینے کی ضرورت ہوگی۔ اجازت نامے آن لائن حاصل کیے جاسکتے ہیں: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit
My car is registered to my old Melbourne address, but I now live in Canberra. If I travel to NSW, will I be allowed to cross the border to return to my ACT address?	**میری گاڑی میرے میلبورن کے پرانے پتے پر رجسٹرڈ ہے، لیکن اب میں کینبرا میں رہتا ہوں۔ اگر میں نیو ساؤتھ ویلز کا سفر کرتا ہوں تو کیا مجھے اپنے اے سی ٹی کے پتے پر واپس جانے کیلئے سرحد عبور کرنے کی اجازت ہوگی؟**
You should be able to cross the border as you transit through NSW on your way to the ACT, but please ensure you have a form of identification which provides proof of residence in the ACT.	آپ نیو ساؤتھ ویلز کے راستے اے سی ٹی میں آتے وقت سرحد عبور کر سکیں گے لیکن براہ کرم یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس شناخت کی ایک صورت موجود ہے جو اے سی ٹی میں رہائش کا ثبوت مہیا کرتی ہے۔
You will need to apply for a permit from Service NSW. Permits can be obtained online from: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit	آپ کو سروس این ایس ڈبلیو سے اجازت نامے کیلئے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔ اجازت نامے آن لائن حاصل کیے جاسکتے ہیں: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit

My licence shows my old Melbourne address, but I now live in Canberra. If I travel to NSW, will I be allowed to cross the border to return to my ACT address?	**میرا لائسنس میرا میلبورن کا پرانا پتہ ظاہر کرتا ہے، لیکن اب میں کینبرا میں رہتا ہوں۔ اگر میں نیو ساؤتھ ویلز کا سفر کرتا ہوں تو کیا مجھے اپنے اے سی ٹی کے پتے پر واپس جانے کیلئے سرحد عبور کرنے کی اجازت ہوگی؟**
You should be able to cross the border as you transit through NSW on your way to the ACT, but you should ensure that you have an alternative form of proof of your ACT residence with you as you travel.	آپ نیو ساؤتھ ویلز کے راستے اے سی ٹی میں آتے وقت سرحد عبور کر سکیں گے لیکن آپ کو یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ سفر کرتے وقت آپ کے پاس آپ کی اے سی ٹی کی رہائش کے ثبوت کی متبادل صورت موجود ہے۔
However, if you have been in Victoria in the last 14 days you will need to apply for a permit from Service NSW. Permits can be obtained online from: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit	تاہم، اگر آپ گذشتہ 14 دنوں سے وکٹوریہ میں رہے ہیں تو آپ کو سروس این ایس ڈبلیو سے اجازت نامے کیلئے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔ اجازت نامے آن لائن حاصل کیے جاسکتے ہیں: https://www.service.nsw.gov.au/transaction/apply-covid-19-nsw-border-entry-permit
I am returning from a visit to Victoria, but did not visit any hotspots - am I required to quarantine in the ACT for 14 days?	**میں وکٹوریہ کے دورے سے واپس آرہا ہوں، لیکن کسی بھی پر خطر مقامات کا دورہ نہیں کیا - کیا مجھے 14 دن تک اے سی ٹی میں قرنطینہ کرنے کی ضرورت ہے؟**
Yes.	جی ہاں۔
From 12:01am 8 July 2020, ACT residents returning from Victoria will need to quarantine at home for 14 days.	8 جولائی 2020ء کو رات 12:01 بجے سے وکٹوریہ سے واپس آنے والے اے سی ٹی کے رہائشیوں کو 14 دنوں کیلئے گھر میں قرنطینہ کرنا ضروری ہوگا۔
I normally reside in Victoria, but have been staying in NSW – can I visit Canberra?	**میں عام طور پر وکٹوریہ میں رہتا ہوں، لیکن نیو ساؤتھ ویلز میں قیام کررہا ہوں - کیا میں کینبرا جاسکتا ہوں؟**
You can only travel into the ACT from NSW if you have **not** visited Victoria in the previous 14 days or have been granted an exemption from ACT Health.	آپ نیو ساؤتھ ویلز سے اے سی ٹی میں صرف اس صورت میں سفر کرسکتے ہیں اگر آپ نے پچھلے 14 دنوں میں وکٹوریہ کا دورہ نہیں کیا ہے یا آپ کو اے سی ٹی ہیلتھ نے استثنیٰ دی ہوئی ہے۔

How do I get an exemption to enter the ACT?	**مجھے اے سی ٹی میں داخل ہونے کیلئے استثنیٰ کیسے مل سکتی ہے؟**
If you have an exceptional need to travel to the ACT, you will need to apply for an exemption at least 48 hours (wherever possible) before your intended travel date.	اگر آپ کی اے سی ٹی کا سفر کرنے کی ضرورت غیر معمولی ہے، تو آپ کو اپنے سفر کی مطلوبہ تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے (جہاں بھی ممکن ہو) استثنیٰ کیلئے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔
What can I do if I require an urgent exemption to visit the ACT within a matter of hours?	**اگر مجھے کچھ گھنٹوں میں اے سی ٹی کے سفر کیلئے استثنیٰ کی فوری طور پر ضرورت ہو تو میں کیا کرسکتا ہوں؟**
You should contact the COVID-19 Hotline in the first instance. However, please note that the Exemptions team within the ACT are receiving a high volume of enquiries at present.	آپ کو پہلی فرصت میں کوویڈ-19 ہوٹ لائن سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ تاہم، براہ کرم نوٹ کریں کہ اے سی ٹی میں استثنیٰ والی ٹیم کو فی الحال کافی زیادہ مقدار میں پوچھ گچھ کیلئے رابطے موصول ہو رہے ہیں۔